askaribank
LIMITED

# نوٹس برائے 30 واں سالانہ اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عسکری بینک لمیٹڈ (بینک) کے شیئر ہولڈرز کا 30 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 24 مارچ 2022 بروز منگل بوقت دن 10:00 بجے بمقام ٹوپی رکھ کمپلیکس (گلیکسی ہال)، آرمی ہیریٹج فاؤنڈیشن، ایوب نیشنل پارک، جہلم روڈ، راولپنڈی اور بذریعہ Zoom منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

**عمومی کارروائی:**

1. 30 مارچ 2021 کو منعقد ہونے والے 29 ویں سالانہ اجلاسِ عام کے منٹس کی توثیق۔
2. 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کی سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے علاوہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غور وخوض اور منظوری دینا۔
3. 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لئے قانونی آڈیٹرز کی تقرری اور ان کی اجرت کا تعین کرنا۔

بینک کے موجودہ آڈیٹرز، میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کو، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اپنی اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی اور 15 فروری 2022 کو ہونے والے اجلاس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان کی دوبارہ تقرری کی سفارش کی گئی ہے۔

**خصوصی کارروائی:**

4. غور کرنے کیلئے اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 183(3) کے مطابق، عسکری بینک لمیٹڈ کا عسکری سیکیورٹیز لمیٹڈ ("ASL") کو فاؤنڈیشن سکیورٹیز (پرائیویٹ) لمیٹڈ ("FSL") کے ساتھ انضمام کر کے اور اس کو ختم کئے بغیر تحلیل کرنا اور عام قرارداد کو پاس کرنا جیسا کہ مادی حقائق کے بیان میں تجویز کیا گیا ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 134(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان بمع سالانہ اجلاسِ عام کے نوٹس کی پرنٹڈ کاپی تمام اراکین کو ارسال کی جارہی ہے۔**

**دیگر کارروائی:**

5. چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں دیگر کسی بھی کاروبار کو زیر غور لانے کیلئے پیش کرنا۔

بحکم بورڈ

راولپنڈی
2 مارچ 2022

سید علی صفدر نقوی
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

## الیکٹرانک ذرائع سے اجلاسِ عام میں شرکت

COVID-19 کی وبا کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسلسل خطرات کی روشنی میں اور شیئر ہولڈرز کی فلاح و بہبود کے تحفظ کے لئے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ('ایس ای سی پی') نے اپنے سرکلر نمبر ایس ایم ڈی/ایس ای/2(20)/2021/117 بتاریخ 15 دسمبر 2021 میں لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی کہ وہ فزیکل اجلاس منعقد کرنے کے علاوہ ویڈیو لنک، ویبینار، زومنگ وغیرہ کے ذریعے عام اجلاس منعقد کریں۔

مذکورہ بالا صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے براہ کرم نوٹ کریں کہ بینک نے ایسے شیئر ہولڈرز کے لئے مناسب انتظامات کیے ہیں جو Zoom لِنک کے ذریعے 30 ویں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کریں گے۔ اس مقصد کیلئے، شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنا نام، فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، حامل شیئرز کی تعداد، موبائل نمبر (ایکٹیو) اور اپنے نام سے منسوب ای میل ایڈریس سے "عسکری بینک لمیٹڈ کے 30 ویں سالانہ اجلاسِ عام کے لئے رجسٹریشن" کے عنوان سے ir@askaribank.com.pk پر ای میل کریں۔ سالانہ اجلاسِ عام میں شامل ہونے کے لئے Zoom لِنک صرف ان شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جائے گا جن کی جانب سے مطلوبہ تفصیلات سالانہ اجلاسِ عام کے شروع ہونے سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹم سے متعلقہ اپنے تاثرات اور سوالات ir@askaribank.com.pk پر بھی ای میل کر سکتے ہیں۔

1. بینک کی شیئرز ٹرانسفر بُکس مورخہ 18 مارچ 2022 تا 24 مارچ 2022 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ بینک کے شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابانِ ایوانِ اقبال، لاہور بینک کے رجسٹرار اور شیئرز ٹرانسفر آفس کو مورخہ 17 مارچ 2022 تک کاروبار بند ہونے سے پہلے موصول ہونے والی ٹرانسفرز کو بروقت سمجھا جائے گا۔
2. اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ دینے کا/ کی حقدار کوئی بھی ممبر اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کے لئے اپنا ایک پراکسی مقرر کرسکتا/ سکتی ہے۔ کوئی بھی ایسا شخص بطور پراکسی شرکت نہیں کرسکتا جو بینک کا ممبر نہ ہو، البتہ کاروباری ادارہ کی طرف سے ایسے شخص کو پراکسی مقرر کیا جاسکتا ہے جو بینک کا ممبر نہ ہو۔
3. پراکسی مقرر کرنے کی دستاویز ممبر یا اس کی تحریری طور پر بااختیار اٹارنی سے دستخط شدہ ہونی چاہیے۔ اگر ممبر ایک کاروباری ادارہ ہے تو تصدیق شدہ انسٹرومنٹ کی کاپی جس کے تحت متعلقہ شخص کو پراکسی مقرر کیا گیا ہے جمع کروانی ہوگی۔
4. پراکسی مقرر کیے جانے سے متعلق دستاویزات کمپنی سیکرٹری آفس عسکری بینک لمیٹڈ، فورتھ فلور، این پی ٹی بلڈنگ، ایف-8 مرکز، اسلام آباد کو اجلاس سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہوجانا چاہیئے۔
5. اگر کوئی ممبر ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرے اور ممبر کی جانب سے ایک سے زائد تقرر نامے جمع کرائے گئے ہوں تو ایسے تمام تقرر نامے غیر موثر تصور کئے جائیں گے۔ نمائندگی فارم دو افراد کی گواہی کے ساتھ جمع کرائے جائیں جن کا نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم میں درج ہو۔
6. مستفید ہونے والے مالکان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نقول پراکسی فارم کے ساتھ منسلک ہونی چاہئیں۔ پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
7. انفرادی شیئر ہولڈر کی صورت میں اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ جبکہ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اس کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اس کی تصدیق اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ بمعہ شرکت کنندگان کے شناختی کارڈ نمبر اور ان کا اکاؤنٹ نمبرز دکھانے پر کی جائے گی۔ کاروباری ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ دستخط کے نمونے کے ہمراہ پراکسی فارم بینک کے پاس جمع کرانا ہوگا۔

## شیئر ہولڈرز کیلئے خصوصی نوٹس

8. **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپیاں جمع کرانا (لازمی)**

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی ہدایات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز جو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز شیئر رجسٹرار کو مہیا نہیں کریں گے، ان کے ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لی جائے گی۔ لہٰذا ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو فزیکل شیئر ہولڈنگ کے حامل ہیں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کروائیں۔ معلومات کی عدم وصولی کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کی ادائیگی روکنے کا پابند ہوگا۔

9. **الیکٹرانک ذرائع سے نقد منافع کی ادائیگی (ای-ڈیویڈنڈ)**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کی صورت میں، نقد میں قابل ادا منافع صرف استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی طرف سے مقررہ بینک اکاؤنٹ (انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر-IBAN) میں الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہ راست ادا کیا جاسکتا ہے۔ نقد منافع کی ادائیگیوں کے لیے IBAN لازمی ہے اور شیئر ہولڈر کے IBAN میں منافع کی رقم براہ راست کریڈٹ کرنے کی ریگولیٹری ضروریات کی تعمیل کے لیے، شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ متعلقہ معلومات درج ذیل کو مہیا کریں:

1. ان کا متعلقہ سی ڈی سی شرکت کنندہ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (شیئر ہولڈنگ بُک انٹری فارم میں ہونے کی صورت میں) یا
2. شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابانِ ایوانِ اقبال، لاہور (شیئر ہولڈنگ فزیکل شکل میں ہونے کی صورت میں)

10. **آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس کی ترسیل اور شیئر ہولڈرز کو ای میل (اختیاری) یا سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے نوٹسز**

بینک نے 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے سالانہ آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس اپنی ویب سائٹ www.askaribank.com پر فراہم کردی ہیں۔

31 مارچ 2017 کو منعقد ہونے والے بینک کے 25 ویں سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی اتفاق رائے سے منظوری کے مطابق، ڈی وی ڈیز تمام شیئر ہولڈرز کو ارسال کردی گئی ہیں۔ مزید برآں، سالانہ رپورٹ 2021 کی ہارڈ کاپیاں بھی شیئر ہولڈرز کو حسبِ مطالبہ ارسال کردی گئی ہیں۔

11. **وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 132(2) کے مطابق، شیئر ہولڈرز 30 ویں سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں بشرطیکہ بینک کو اجلاس کے انعقاد سے کم ازکم سات دن قبل 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز سے رضامندی حاصل ہو۔ براہ کرم نیچے دیا گیا فارم پُر کرکے اس کی دستخط شدہ کاپی کمپنی سیکریٹری، عسکری بینک لمیٹڈ، 4th فلور، NPT بلڈنگ، F-8 مرکز، اسلام آباد کو ارسال کریں یا دستخط شدہ فارم ir@askaribank.com.pk پر ای میل کریں:

میں/ہم______________، (شہر کا نام)______________ سے عسکری بینک لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے تحت

______________ حامل عمومی شیئرز بمطابق رجسٹر فولیو نمبر/ سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر

______________ بمقام______________ میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں/ کرتی ہوں/ کرتے ہیں۔

____________________

ممبر کے دستخط

12. **سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں فزیکل حصص کا ڈیپازٹ**

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق تمام فہرست شدہ کمپنیوں کو ایکٹ کے نفاذ کے چار سال کے اندران کے جاری کردہ حصص کو فزیکل شکل میں بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ہوگا۔ اس کے مطابق بینک کے تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ بک انٹری فارم میں حصص کی دیکھ بھال سے شیئر ہینڈلنگ کا عمل زیادہ موثر اور خطرے سے پاک ہوجائے گا۔ مزید برآں، اس سے سی ڈی سی کے ساتھ حصص کی محفوظ تحویل میں شیئر ہولڈرز، استحقاق کا فوری کریڈٹ (بونس حصص اور حقوق کا حصہ) میں آسانی ہوگی، نقصان کا خطرہ ختم ہوگا، اور اوپن مارکیٹ وغیرہ میں فروخت/خریداری کے لئے آسانی سے دستیاب ہوگا۔ شیئر ہولڈرز بینک کے شیئر رجسٹرار سے اس ایڈریس پر رابطہ کرسکتے ہیں، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزانین فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19-خیابان ایوان اقبال، لاہور۔

13. **پتہ/ تفصیلات میں تبدیلی**

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی کی صورت میں بینک کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابانِ ایوانِ اقبال، لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔ شیئر ہولڈرز کی سہولت کے لیے، شیئر ہولڈرز کی تفصیلات میں تبدیلی کے لیے ایک فارم بینک کی ویب سائٹ پر فراہم کردیا گیا ہے۔

14. **زکوٰۃ ڈیکلریشن (CZ-50)**

ماخذ پر منافع سے زکوٰۃ کی کٹوتی شیئر کی اداشدہ قیمت کے 2.5 فیصد (-/10 روپے فی عدد) کی شرح سے ہوگی اور متعلقہ اتھارٹی کو مجوزہ عرصہ کے اندر جمع کروادی جائے گی۔ استثنیٰ کی دعویداری کی صورت میں، برائے مہربانی زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، 1980 اور زکوٰۃ (کٹوتی اور رقم کی واپسی) قواعد، 1981، CZ-50 فارم کے رول نمبر 4 کے تحت اپنے زکوٰۃ ڈیکلریشنز شیئر رجسٹرار کو عسکری بینک کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو اور CDC اکاؤنٹ نمبرز درج کر کے جمع کروائیں۔

15. **غیر دعویٰ شدہ/ غیر اداشدہ منافع اور شیئر سرٹیفیکیٹس**

بینک کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ریکارڈ کے مطابق، بیشتر غیر دعویٰ شدہ/ غیر وصول شدہ/ غیر ادا شدہ ڈیویڈنڈ ہیں، جن کی تفصیلات بینک کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی شق 244 کی دفعات کے مطابق، بینک کی طرف سے جاری کردہ یا اعلان کردہ ڈیویڈنڈ، جو اپنی واجب الاد تاریخِ ادائیگی کے لحاظ سے تین سال کی مدت سے غیر دعویٰ شدہ یا غیر اداشدہ ہوں، وہ شیئر ہولڈرز کی جانب سے دعویٰ دائر کرنے کیلئے نوٹسز جاری کرنے کے بعد وفاقی حکومت کو کریڈٹ کرنے کیلئے ایس ای سی پی کو جمع کروائے جائیں گے۔ شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئرز کیلئے دعوؤں کو فوری طور پر دائر کروائیں۔ دعویٰ دائر نہ کرنے کی صورت میں، کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 244(2) میں فراہم کی گئی دفعات کے مطابق بینک غیر دعویٰ شدہ/ غیر اداشدہ رقوم اور شیئرز وفاقی حکومت کو جمع کروانے کے لیے کارروائی کرے گا۔

16. **پوسٹل بیلٹ/ ای۔ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 143 اور 144 کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای۔ووٹنگ کے ذریعے رائے دہی کا حق مذکورہ بالا قواعد کی طرز اور شرائط کے تحت استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

32cm x 6 Col